حکومت پاکستان وزارت پوسٹل سروسز

دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل خیبر پختونخواہ سرکل پشاور

ریٹینڈر نوٹس

دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل خیبر پختونخواہ رضا شاہ شہید روڈ پشاور کینٹ، پشاور ڈویژن، ایم۔ایس۔ٹی (پی) ڈویژن پشاور اور پشاور جی پی او کے لیے مختلف اسٹیشنری آئٹمز اور دیگر اشیاء (جس کی تفصیل ٹینڈر فارم میں درج ہے) کی خریداری کے لیے معروف ڈیلرز جو باضابطہ طور پر انکم ٹیکس و سیلز ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں سے سربمہر ٹینڈر مورخہ 06.10.2026 دن 11.00 بجے تک E-Pads پر اپلوڈ ہو جانے چاہئیں۔ جو اُسی روز 11.30 بجے پیشکش دہندگان یا ان کے مجاز نمائندوں کی موجودگی میں E-PADS کھولے جائیں گے۔

۲۔ ٹینڈر کے ساتھ مبلغ -/50,000 ہزار روپے (قابل واپسی) کا کال ڈیپازٹ بصورت بینک ڈرافٹ وغیرہ دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہوگا۔

۳۔ ٹینڈر فارم / مفصل تصریحات مبلغ -/Rs.3000 روپے (ناقابل واپسی) کی کسی بھی جی پی او میں ACG-67 فارم پر بنام پوسٹ ماسٹر جنرل خیبر پختونخوا جمع کرنا ہوگا جو کہ ناقابل واپسی ہے۔

۴۔ سپلائر کو جملہ سرکاری ٹیکس ادا کرنے ہوں گے۔ آئٹم غیر معیاری ہونے یا مقررہ وقت پر فراہم نہ کرنے کی صورت میں کال ڈیپازٹ ضبط کر لیا جائے گا۔ اور سرکاری قوانین کے تحت کاروائی کی جائے گی اس کے علاوہ ری ٹینڈرنگ وغیرہ پر اُٹھنے والے اضافی اخراجات بھی ڈیفالٹر سپلائر کو برداشت کرنا ہوں گے۔ پیشکش دہندہ کو کسی بھی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے کے جانب سے بلیک لسٹ نہ ہونے سے متعلق 100 روپے کی مالیت کے اسٹامپ پیپر پر بیان حلفی بھی فراہم کرنا ہوگا۔

۵۔ شرکا کو ٹینڈر کے ساتھ لازماً سیل رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور انکم ٹیکس فائلر سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ہوگا۔

۶۔ نامکمل، تاخیر سے موصول ہونے والے ٹینڈرز زیر غور نہیں لائے جائیں گے۔

۷۔ کوئی بھی دستاویزات ماسوائے بینک ڈرافٹ قابل قبول نہیں ہونگے۔

۸۔ پوسٹ ماسٹر جنرل خیبر پختونخواہ پشاور کو PPRA-2004 کے مطابق آئٹمز کی مقدار میں کمی بیشی کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

۹۔ مجاز اتھارٹی کو PPRA-2004 کے مطابق کسی بھی ٹینڈر کو یا اس کے حصے کو منظور کرنے کا حق حاصل ہے۔

(اسد عزیز)

ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل (ایڈمن)

دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل خیبر پختونخواہ پشاور

فون 091-9213388